SWIS-H

STATEWIDE INFANT SCREENING - HEARING

میں نے اپنے بچے کی سماعت کی سکریننگ (معائنہ) نہ کروانے کا فیصلہ کیا ہے - مجھے کیا معلوم ہونا ضروری ہے؟

آپ کے بچے کو زندگی کے ابتدائی چند ہفتوں میں صحت کے کئ معائنوں کی پیشکش کی جائے گی۔ ان میں سے ایک معائنے کا مقصد سماعت سے محرومی کا پتہ چلانا ہے۔

بچے کی پیدائش کے بعد جلد از جلد سماعت کی سکرین کی پیشکش کی جائے گی اور یہ سکرین ہسپتال میں، ہسپتال چھوڑنے سے پہلے یا بعد میں، یا آپ کی مقامی کمیونٹی میں کسی جگہ پر ہو سکتی ہے۔

ممکن ہے کہ والدین اپنے نوزائیدہ بچے کی سماعت کی سکریننگ کی اجازت نہ دیں۔ یہ بات آپ کے بچے کے پرسنل ہیلتھ ریکارڈ (بلیو بک) میں لکھ دی جائے گی۔ آپ سے ایک فارم پر دستخط کرنے کیلئے بھی کہا جائے گا جس سے تصدیق ہوتی ہے کہ سکریننگ کی پیشکش ملنے پر آپ نے یہ پیشکش رد کر دی تھی۔

اگر آپ نے اپنے بچے کی سکریننگ نہ کروانے کا فیصلہ کیا ہے تو بھی آپ کو سکرین اور اس کی اہمیت کے بارے میں معلومات ملنی چاہیئں۔

سماعت کی سکرین کیوں پیش کی جاتی ہے؟

ہر 1000 بچوں میں سے ایک یا دو کے قریب بچے بڑی حد تک سماعت سے محروم ہوتے ہیں۔

یہ جلد از جلد پتہ چلانا اہم ہے کہ آپ کا بچہ کتنی اچھی طرح سن سکتا ہے تاکہ آپ کو اور آپ کے بچے کو درست مشورہ اور مدد مل سکے۔

جب بچے اپنا پہلا لفظ بولتے ہیں تو وہ تقریبا ایک سال سے سن رہے ہوتے ہیں کہ ہم کس طرح بولتے ہیں۔

اگر اس عرصے میں بچہ اچھی طرح سن نہ سکتا ہو تو بولنے اور زبان کے معاملے میں اس کی نشوونما پر اثر پڑ سکتا ہے۔

اگر آپ مزید معلومات چاہتے ہیں یا آپ اپنا ارادہ بدل کر بچے کی سکریننگ کروانا چاہتے ہیں تو جلد از جلد اپنے مقامی SWIS-H پروگرام کوآرڈینٹر (منتظم) سے رابطہ کریں۔

میرے بچے کے بڑے ہونے کے ساتھ ساتھ مجھے کیا کرنے کی ضرورت ہو گی؟

ہو سکتا ہے کہ وقت گزرنے کے ساتھ سماعت ہمیشہ ایک جیسی نہ رہے۔

آپ کے بچے کے بولنے اور زبان کی نشوونما کے ساتھ ساتھ آواز پر اس کے ردعمل پر نظر رکھنا اہم ہے۔

آپ اپنے بچے کی پیش رفت پر نظر رکھنے کیلئے اس صفحے کے دوسری طرف چیک لسٹ دیکھ سکتے ہیں۔

اگر مستقبل میں آپ اپنے بچے کی سماعت یا بولنے اور زبان کی نشوونما کے حوالے سے فکرمند ہوں تو براہ مہربانی بچے کی سماعت ٹیسٹ کرانے کا بندوبست کریں۔ اپنے فیملی ڈاکٹر سے کسی مناسب ادارے کیلئے ریفرل مانگیں جہاں آپ کے بچے کی سماعت ٹیسٹ کی جائے۔

سماعت کسی بھی عمر میں ٹیسٹ کی جا سکتی ہے۔

براہ مہربانی مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائیٹ دیکھیں:

http://www.health.nsw.gov.au/kids-families

مقامی رابطہ / ملاقات کے وقت کی تفصیلات

صحت کے بارے میں مشورے کیلئے *healthdirect Australia* (ہیلتھ ڈائریکٹ آسٹریلیا) سے رابطہ کریں

http://www.healthdirect.gov.au/

1800 022 222

NSW GOVERNMENT | Health

SWIS-H
STATEWIDE INFANT
SCREENING - HEARING

سماعت کیلئے چیک لسٹ

پیدائش سے 3 ماہ تک	بچہ اونچی آوازوں پر ردّ عمل دکھاتا ہے
	مانوس آوازیں سنے تو پر سکون ہو جاتا ہے
	غوں غاں کرتا ہے
	جب کوئی بات کرے تو بات کرنے والے کے چہرے کی طرف دیکھتا ہے
3 – 6 ماہ تک	آوازوں کی طرف نظر یا سر موڑتا ہے
	بولنے جیسی آوازیں نکالنا شروع کرتا ہے
	اپنے محسوسات ظاہر کرنے کیلئے ہنستا ہے اور آوازیں نکالتا ہے
6 – 9 ماہ تک	ایسی آوازیں نکالتا ہے، 'دادا' 'ما-ما' 'بابا'
	توجہ حاصل کرنے کیلئے چیختا/پکارتا ہے
	'نہیں' اور اپنے نام پر اکثر جوابی اظہار کرتا ہے
	گانے اور موسیقی پر جوابی اظہار کرتا ہے
9 – 12 ماہ تک	دوسروں کے بولنے کی آوازیں نقل کرتا ہے
	آسان الفاظ سمجھتا ہے جیسے 'گیند'، 'کتا'، 'ڈیڈی'
	نرم/ہلکی آوازوں کی طرف سر موڑتا ہے
	اپنے پہلے الفاظ بولتا ہے
12 – 18 ماہ تک	لگتا ہے کہ ہر ہفتے بچہ کچھ نئے الفاظ سمجھنے لگتا ہے
	آسان زبانی ہدایات پر عمل کرتا ہے 'جیسے گیند لاؤ'
	پوچھنے پر لوگوں، جسم کے حصوں اور کھلونوں کی طرف اشارہ کرتا ہے
	لگاتار نئے الفاظ بولنا سیکھتا رہتا ہے اگرچہ یہ الفاظ غیر واضح ہو سکتے ہیں
18 – 24 ماہ تک	100–200 کے درمیان الفاظ باقاعدگی سے استعمال کرتا ہے
	سادہ کہانیاں یا گیت سنتا ہے
	دو یا دو سے زیادہ الفاظ ملا کر چھوٹی چھوٹی باتیں کہتا ہے جیسے 'اور جوس'

نوٹس:

© NSW Health September 2016 SHPN (NKF)150255

NSW GOVERNMENT | Health